حنیف محمد ٹرافی: حیدر آباد ریجن کے لیگ اسپنر جواد علی کی سات وکٹیں

لاہور10 ستمبر، 2023:

حنیف محمد ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں کراچی بلوز ریجن اور حیدرآباد ریجن کے درمیان ملتان میں کھیلے جانے والے میچ کے پہلے دن حیدر آباد ریجن نے ٹاس جیت کر کراچی بلوز کو بیٹنگ دی جو اپنی پہلی اننگز میں 120 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ حیدر عباس 34 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔ حیدرآباد کی طرف سے لیگ اسپنر جواد علی نے صرف 23 رنز دے کر 7 وکٹیں حاصل کیں۔ حیدر آباد ریجن نے کھیل کے اختتام پر پانچ وکٹوں پر 148 رنز بنائے تھے۔ علی احسن نے 45 رنز بنائے۔

بہاولپور ریجن اور ڈیرہ مراد جمالی کے درمیان رحیم یار خان میں کھیلے جانے والے میچ کے پہلے دن ڈیرہ مراد جمالی نے اپنی پہلی اننگز میں آٹھ وکٹوں پر 268 رنز بنائے تھے۔ محمد شاہد 78 رنز پر ناٹ آؤٹ تھے۔ تیمور علی 52 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

میرپور میں سیالکوٹ اور لاڑکانہ کے درمیان میچ میں سیالکوٹ نے ٹاس جیت کر لاڑکانہ ریجن کو بیٹنگ دی جو پہلی اننگز میں 179 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی غلام رضا مہر 47 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔ بلال آصف نے 53 رنز دے کر چار وکٹیں حاصل کیں۔
سیالکوٹ ریجن کی دو وکٹیں بھی کھیل کے اختتام پر 24 رنز پر گرچکی تھیں

اسلام آباد ریجن اور آزاد جموں کشمیر ریجن کے درمیان مظفر آباد میں ہونے والے میچ کے پہلے دن آزاد جموں کشمیر کی ٹیم 257 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئ نوید ملک نے 57 اور حسنین شاہ میر نے 56 رنز بنائے۔ شایان شیخ نے 75 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔

-ENDS-

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial